عمیر انیس مفتی

# میرے پیارے ابو جان

میرے ابو جان —— محمد انیس مفتی —— نہایت شفیق انسان، محبت سے بھرپور والد اور شوہر، اور نہایت مخلص دوست تھے، انھوں نے اپنی زندگی کا بیش تر حصہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے بڑے علما، ادیبوں اور مختلف شعبہ ہاے زندگی سے تعلق رکھنے والے دوست احباب سے حاصل شدہ علم کو اپنی اور اپنے سے متعلقین کی اصلاح کے لیے استعمال کیا۔

www.javedahmadghamidi.com www.al-mawrid.org

وہ ایک کثیر الجہت شخصیت کے مالک تھے۔

انھیں معاشرتی تعلقات بنانے میں کم وقت ہی درکار ہوتا تھا، اور وہ عمومی طور پر کم وقت ہی میں دوسروں پر ایک خوش گوار شخصیت کا تاثر چھوڑ جاتے تھے۔

ایک اچھی اور مثبت زندگی کیسے گزارنی ہے، یہ وہ جانتے تھے، اور یہ سب کچھ انھوں نے اچھے اساتذہ، علما، ادیب حضرات اور مخلص دوستوں کی صحبت میں رہ کر حاصل کیا تھا۔

مجھے یقین ہے کہ ان شاءاللہ وہ اللہ تعالیٰ کے پیارے بندوں ہی میں شامل ہوں گے۔

ہر ذمہ دار انسان کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ اپنے خاندان کو اچھی اور آسایشوں والی زندگی فراہم کرے، جس کے لیے وہ معاشی جدوجہد کرتا ہے، معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے پیارے ابو اللہ تعالیٰ کی مدد اور اپنی کاوشوں سے اپنے خاندان کے گرد نہایت اچھے، مخلص، احساس کرنے والے دوست، احباب اور رفقا کی ایسی مضبوط دیوار بنا گئے ہیں جو زندگی میں آگے پیش آنے والے مسائل سے نمٹنے میں بہت مدد گار ہو گی، ان شاءاللہ۔

اللہ سبحانہ و تعالیٰ میرے پیارے ابو جان کی کوتاہیوں سے درگزر فرمائے، ان کے حسنات کو اپنی بارگاہ میں قبول و منظور فرمائے، ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، اور ہمیں ان کے سکھلائے ہوئے تمام اچھے کاموں کو جاری رکھنے کی ہمت، حوصلہ، اور قوت عطا فرمائے۔ آمین، ثم آمین، یارب العٰلمین۔

www.al-mawrid.org
www.javedahmadghamidi.com

"Note from Publisher: Al-Mawrid is the exclusive publisher of Ishraq. If anyone wishes to republish Ishraq in any format (including on any website), please contact the management of Al-Mawrid on info@al-mawrid.org. Currently, this journal or its contents can be uploaded exclusively on Al-Mawrid.org, JavedAhmadGhamidi.com and Ghamidi.net"